# 6254 ـ جنت میں داخل ہونے کے لیے شادی کی شرط

**سوال**

میں نے سنا ہے کہ اگر مسلمان شخص شادی نہ کرے تو وہ جنت میں داخل نہیں ہو گا، کیا یہ صحیح ہے، اور اکر صحیح ہے تو کس بنیاد پر ؟
میرے خیال میں اس کا سبب حرام جنسی تعلقات سے اجتناب ہے، اور یہ سبب تو باقی ادیان میں بھی مشترك ہے، لیکن میں آخری پوائنٹ معلوم کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ: کیا یہ ممکن نہیں کہ وہ شادی شدہ بھی نہ ہو لیکن اس کے باوجود وہ ایك متقی اور پرہیزگار شخص ہو ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

دین اسلام جنت میں داخل ہونے کے لیے شادی کی شرط نہیں لگاتا، لیکن جب انسان کو حرام میں پڑنے کا خدشہ ہو تو پھر شادی کرنا ضروری ہے، اور اگر وہ اس حالت میں شادی نہیں کرتا تو غلطی پر ہے.

اور سوال میں دوسرے حصہ کی مناسبت سے گزارش ہے کہ شادی کے بغیر بھی شخص متقی و پرہیزگار ہو سکتا ہے لیکن یہ بہت ہی نادر ہے، اور اگر مرد و عورت میں سے کوئی بھی شادی نہیں کرتا تو غالبا یا تو وہ شادی کرنے سے عاجز ہوتا ہے، یا پھر بدکار جیسا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے شادی نہ کرنے والے ایك شخص کو فرمایا تھا:

" تجھے شادی سے یا تو فسق و فجور روك رہا ہے یا پھر تم شادی کرنے سے عاجز ہو "

بہر حال اسلام شادی کرنے کی ترغیب دلاتا ہے اور اسے رسولوں کی سنت شمار کرتا ہے، اور ترك نکاح اور شادی نہ کرنے کو صحیح نہیں سمجھتا چاہے یہ عبادت کے لیے فارغ ہونے کے لیے کیا جائے کیونکہ فرمان ہے:

" اسلام میں رہبانیت نہیں ہے "

واللہ اعلم .